# حکومت پاکستان

# (ریونیوڈویژن)

# فیڈرل بورڈ آف ریونیو

☆☆☆☆☆

اسلام آباد، 12 نومبر 2018

## نوٹیفکیشن

## (سیلز ٹیکس)

☆☆☆☆☆

**ایس آر او 2018/(1) 1360:**-فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) اور دفعات 40 اور 45A, کسٹم ایکٹ 1969 (1969 کا IV) کی دفعہ 219 ، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی دفعہ 50، بشمول دفعہ (8) کی ذیلی دفعہ (2)، دفعہ 8 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (b)، دفعہ 8B کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (ii)، دفعات 9، 10، 14، 21 اور 28، دفعہ 22 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (c)، دفعہ 23 کی ذیلی دفعہ (1) کے پہلے شرطیہ فقرے، دفعہ 26، دفعہ 27 کی شق (a)، دفعہ 33، دفعہ 40C، دفعہ 47A کی ذیلی دفعہ (6)، دفعات 48، 50A، 52، 52A، اور 66 کے تحت دیے گئے اختیارات کو استعمال کرتے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مندرجہ ذیل مزید ترمیم کرے گا۔

متذکرہ رولز میں رول نمبر 150ZE کے بعد مندرجہ ذیل نئے باب XIV-AA اور اس کے تحت مندجہ ذیل نئے رولز کا اضافہ کیا جائے گا:-

# "باب XIV-AA

## چمڑے اور کپڑے کے شعبہ جات کا آن لائن ارتباط

**150ZEA. اطلاق:-** اس باب میں شامل تمام شرائط وضوابط کا اطلاق نوٹیفیکیشن نمبر S.R.O. 1125/(1)/2011 بتاریخ 31 دسمبر 2011 کے کے ٹیبل II میں شامل اشیاء، سیریل نمبر 1 کے ذیلی سیریل نمبر (vii) اور سیریل نمبر 3 کے تحت شامل مکمل شدہ کپڑے اور مقامی طور پر تیار شدہ ٹیکسٹائل کی اشیاء اور کپڑے سے تیار شدہ اشیاء اور چمڑے اور مصنوعی چمڑے کی ترسیل پر ہو گا،، بشرطیکہ ان اشیاء کی تیاری بورڈ کے ساتھ رجسٹرڈ اشخاص کریں جو کہ متذکرہ ترسیل پر کم کردہ ریٹ کے حصول کی غرض سے بورڈ کے آن لائن سسٹم کے ساتھ مرتبط ہوں، جیسا کہ مذکورہ نوٹیفیکیشن کی شق (xv) میں صراحت شدہ ہے۔

**150ZEB. ذمہ داریاں اور شرائط کار:-** (1) رول 150 ZEA کے تحت رجسٹرڈ شدہ اشخاص، جنہیں اب کے بعد اس باب میں "منسلک ترسیل کنندہ" کہا جائے گا، وہ سالانہ الیکٹرانک آلات اور سافٹ ویئر نصب کریں گے جو کہ بورڈ کے منظور شدہ ہوں اور جو بورڈ کی ویب سائٹ پر نصب کرنے سے متعلق تکنیکی ہدایات، کنفیگریشن، اور ارتباط کی مکمل ہدایات کے ساتھ دستیاب ہوں۔

(2) منسلک ترسیل کنندہ بورڈ کو کمپیوٹرائزڈ نظام کے تحت اپنے فروخت کے ان تمام مقامات، جنہیں اب کے بعد اطلاع شدہ دکانیں کہا جائے گا، کے بارے میں مطلع کرے گا جن پر وہ اپنی وہ اشیاء فروخت کرنا چاہیں گے کہ جن کی شرط نمبر (xv) میں صراحت موجود ہے، اور منسلک ترسیل کنندہ ارتباط کے عمل کے آغاز کے لیے اپنا ہر مقامِ فروخت (POS) کو رجسٹر کرے گا۔ اس مقصد کے لیے درج ذیل معلومات فراہم کرنی ہوں گی"۔

(a) مقامِ فروخت کا رجسٹریشن نمبر (جو کہ سسٹم خود ہی مہیا کرے گا)

(b) کاروبار کا نام

(c) برانچ کا نام

(d) برانچ کا پتہ

(e) مقامِ فروخت کا شناختی نمبر، اور

(f) رجسٹریشن کی تاریخ

(3) شرطِ مذکورہ (xv) میں صراحت کردہ اشیاء کی اطلاع شدہ دکانوں سے فراہمی، رول نمبر 150ZEE میں صراحت کردہ مستثنیات کو مدنظر رکھتے ہوئے، س رول میں میں صراحت کردہ شرائط پر پورا اترتی ہوں۔، تاکہ کم کردہ ریٹ کو حاصل کیا جائے۔ ایسا نہ

کرنے کی صورت میں ترسیلات پر متعلقہ ریٹ کا اطلاق ہوگا جو کہ نوٹیفیکشن نمبر S.R.O. 1125 (1)/2011, بتاریخ 31 دسمبر 2011، کے ٹیبل II میں صراحت شدہ ہیں۔

(4) اطلاع شدہ دکانوں سے کوئی فراہمی یا فروخت نہیں ہوگی جب تک کہ اسے باقاعدہ منظور شدہ الیکٹرانک فسکل ڈیوائس (EFD) کے ذریعے ریکارڈ نہ کیا جائے، اس سے مراد ایک نظام ہے جس میں ایک سیل ڈیٹا کنٹرولر اور کم از کم ایک مقام فروخت باہم مربوط ہوں، جس کی مندرجہ ذیل خصوصیات اور ضروریات کار ہیں:-

(a) اس کے افعال اور خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔-

(i) سٹور کے سالانہ ڈیٹا کی وصولی، ریکارڈ کرنا، اور تجزیہ کرنا؛

(ii) سالانہ ڈیٹا کو سالانہ رسید کی شکل دینا

(iii) سالانہ ڈیٹا کو محفوظ ذرائع سے بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام تک منتقل کرنا؛ اور

(iv) سیلز ٹیکس رسیدوں کو پرنٹ کرنا

(b) سیلز ڈیٹا کنٹرولر (ایس ڈی سی) ای ایف ڈی کا ایک حصہ ہوتا ہے جو کہ۔-

(i) ای ایف ڈی کے مقام فروخت والے حصے سے لین دین کے ڈیٹا کو وصول کرتا ہے؛

(ii) لین دین کے ڈیٹا کو سالانہ ڈیٹا میں تبدیل کر کے اس کا تجزیہ کرتا ہے؛

(iii) سالانہ ڈیٹا کو سالانہ رسید (سیلز ٹیکس کی رسید) میں تبدیل کرتا ہے، ای ایف ڈی کے لیے ڈیجیٹل دستخط بناتا ہے اور ڈیجیٹل دستخط کو سالانہ رسید پر ثبت کرتا ہے؛

(iv) سالانہ رسید نمبر مقام فروخت کو بھیجتا ہے؛

(v) لین دین کے ڈیٹا اور سالانہ ڈیٹا کو ایک ناقابلِ تنسیخ اور محفوظ طریقے سے انکرپٹ (encrypt) اور محفوظ کرتا ہے۔

(vi) سالانہ ڈیٹا کو بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام تک منتقل کرتا ہے۔

(c) ایکسٹرنل ایس ڈی سی (E-SDC) ای ایف ڈی کا الگ حصے پر مشتمل ایک ہارڈ ویئر نظام ہے جسے منسلک ترسیل کنندہ استعمال کرتا ہے؛

(d) ورچوئل ایس ڈی سی (V-SDC) مقام فروخت کے نظام سے منسلک ایک سافٹ ویئر ہے؛

(e) ایک منسلک ترسیل کنندہ اپنے ہر مقامِ فروخت (POS) کو لازمی طور پر کسی بھی ایس ڈی سی سے منسلک کرے گا؛

(f) ایک ای ایف ڈی کو لازمی طور پر مندرجہ ذیل سے مطابقت ہونی چاہیے۔-

(i) ہر مقام فروخت منظور شدہ ہو؛

(ii) ہر مقام فروخت ایس ڈی سی کو ایک رسید بھیجتا ہے جس پر ذیلی رول (5) میں صراحت کردہ تفصیل کے مطابق کاروبار کے ہر ایک لین دین کی تفصیل درج ہوتی ہے؛

(iii) ایس ڈی سی لین دین کے ڈیٹا کو وصول کرتا ہے، اس ڈیٹا کی جانچ پڑتال کرتا ہے، ٹیکس کے حساب کتاب کی تصدیق کرتا ہے تاکہ اس لین دین کا سالانہ ڈیٹا بنایا جاسکے، اس ڈیٹا کو محفوظ کرتا ہے اور سالانہ رسید نمبر کو مقام فروخت کو منتقل کرتا ہے؛

(iv) مقام فروخت سالانہ رسید کو سالانہ رسید نمبر اور کیو آر کوڈ کے ساتھ پرنٹ کرتا ہے؛

(v) ایس ڈی سی بورڈ کے نظام کو سالانہ ڈیٹا منتقل کرتا ہے؛

(vi) ہر فروخت کی رسید کی سالانہ رسید بنتی ہے۔

(g) مقامِ فروخت کے مندرجہ ذیل طریقہ ہائے کار ہوں گے۔-

(i) ایس ڈی سی سے منسلک ہونے کا طریقہ کار مہیا کرے گا؛

(ii) ہر رسید ایس ڈی سی کو بھیجے گا تاکہ سالانہ رسید جاری ہوسکے؛

(iii) ایس ڈی سے بنی رسید نمبر کی بنیاد پر کیو آر کوڈ بنائے گا اور اُس کیو آر کوڈ کو رسید پر پرنٹ کرے گا؛

(iv) دن، ہفتے، اور مہینے کے اختتام پر لازمی کلوزنگ کرے گا؛

(v) ایف بی آر کو درج ذیل فیلڈز پر مبنی معیادی خلاصہ رپورٹ (روزانہ، ہفتہ وار، اور مہینہ وار) بھیجے گا:

(a) آغاز پر کل حجم؛

(b) آغاز پر کل مالیت؛

(c) کل خریداری کا حجم؛

(d) کل خریداری کی مالیت؛

(e) کل فروخت شدہ حجم؛

(f) سیلز ٹیکس کے علاوہ کل فروخت کی مالیت؛

(g) کل سیلز ٹیکس

(h) فروخت کی کل مالیت بمع سیلز ٹیکس؛

(i) کل اختتامی حجم؛

(j) کل اختتامی مالیت؛اور

(k) اس مدت کی کل رسیدوں کی تعداد

(vi) ہر ایڈ جسٹمنٹ، تبدیلی اور تنسیخ کو لازم محفوظ کیا جائے گا اور ہر کام کا باقاعدہ لاگ رکھا جائے گا؛اور

(vii) سسٹم کے ساتھ ہونے والے تمام حالات کو محفوظ شدہ رکھا جائے گا۔

(5) فروخت کے ہر لین دین کی رسید مندرجہ ذیل تصریحات کے ساتھ ای ایف ڈی کو بھیجی جائے گی۔۔

(a) مقام فروخت کا رجسٹریشن نمبر؛

(b) انوکھی ترتیب میں دیے گئے رسیدوں کے نمبر؛

(c) فروخت کی تاریخ اور وقت؛

(d) خریدار کا نام، اگر ریکارڈ ہو چکا ہو؛

(e) سیل ٹیکس کے بغیر اشیاء کی آئٹم وائز تفصیل اور قیمت؛

(f) اشیاء کا آئٹم وائز حجم یا تعداد؛

(g) ہر آئٹم پر ٹیکس ریٹ؛

(h) فروخت کی کل مالیت؛

(I) رعایت(discount)، اگر کوئی ہو؛

(J) رسید پر کاٹا گیا ٹیکس؛

(k) ادائیگی کا طریقہ، نقد یا کریڈٹ کارڈ۔ کریڈٹ کارڈ کی صورت میں گاہک کا نام اور دیگر متعلقہ تفصیلات۔

(6) مقامِ فروخت ہر لین دین کی صاف اور واضح سیلز ٹیکس کی رسید پرنٹ کرے گا، جس کی ایک نقل گاہک کو مہیا کی جائے گی۔ سیلز ٹیکس رسید کے مندرجات، ان مندرجات کے علاوہ جو کہ پچھلے ذیلی رول میں دیے گئے ہیں، یہ ہوں گے۔۔

(a) کیو آر کوڈ(ایف بی آر کی سالانہ رسید نمبر کی بنیاد پر بنا ہوا)

(b) ایف بی آر کا سالانہ رسید نمبر

(c) کاروبار کا نام

(d) سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر

(e) اطلاع شدہ دکانوں کے نام یا مقام (location)

(7) ہر اطلاع شدہ دکانیں پر نصب ای ایف ڈی ہر قسم کی چھیڑ چھاڑ سے محفوظ ہوں گے اور ان میں محفوظ شدہ ڈیٹا کو ایک آف لائن سائٹ پر بیک اپ دیا جائے گا۔

(8) فروخت شدہ اشیاء کی واپسی یا تبدیلی کی صورت میں مجوزہ تصریحات کے ساتھ ایک باقاعدہ کریڈٹ نوٹ یا ایک ضمنی رسید جاری کی جائے گی، اس نوٹ یا ضمنی رسید پر اصل رسید کا نمبر، واپس کی جانے والی رقم یا وصول کی جانے والی زائد رقم اور اس پر کاٹا گیا سیلز ٹیکس درج ہوں گے۔

(9) اطلاع شدہ دکانوں پر کی جانے والی تمام فروخت اور لین دین کے معاملات کو ای ایف ڈی کے ذریعے بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام کو منتقل کیا جائے گا اور اس منتقل شدہ ڈیٹا کو ضمیمہ–C یا سیلز ٹیکس بمع وفاقی ایکسائز گوشوارے کے کسی متعلقہ ضمیمے میں شامل کیا جائے گا۔

(10) ایس ڈی سی میں یہ خاصیت ہوگی کہ وہ سسٹم میں کسی بھی غلط حرکت، یا غلطی یا کسی بھی نامناسب فعل کو پکڑے گا اور اس کی فوری اطلاع دے گا اور ان تمام کے بارے میں ایک لاگ رکھے گا۔

(11) منسلک ترسیل کنندہ اطلاع شدہ دکانوں پر لازمی طور پر ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈ مشین کی سہولت مہیا کرے گا جو کہ اطلاع شدہ دکانوں پر نصب ہوگی اور ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے تحت ہونے والی فروخت سے عمومی طور انکار نہیں کیا جائے گا۔

(12) منسلک ترسیل کنندہ کمشنر، جس کا دائرہ اختیار ہے، کو ماہانہ بنیاد پر بینک سے ہونے والی کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ اسٹیٹمنٹس مہیا کرے گا۔

(13) اطلاع شدہ دکان کے ہر مقام فروخت پر ہونے والے لین دین کو ایک سی سی ٹی وی کیمرے کے ذریعے ریکارڈ کیا جائے گا اور یہ ریکارنگ کم از کم تین مہینے تک محفوظ رکھی جائے گی۔ متعلقہ کمشنر جب بھی اور جس وقت بھی ایسی ریکارڈنگ طلب کرے، طلب کردہ اوقات کے مطابق اصل شکل میں فراہم کرنا ہوگی۔

(14) اگر اطلاع شدہ دکان پر شرط (xv) میں صراحت کردہ اشیاء کے علاوہ کوئی اور اشیاء بھی فروخت ہوتی ہوں، بشمول مستثنیٰ اشیاء کے، تو ان کا لین دین بھی اسی طریقے سے ریکارڈ کیا جائے گا اور اسی طریقے کے تحت ان کی رسید جاری کی جائے گی۔ یہ ڈیٹا بھی اسی ہی انداز میں بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام کو منتقل کیا جائے گا۔

(15) ارتباط (integration) کا خرچہ، بشمول آلات کے خرچے اور معاملات کو سالانہ شکل دینے کے خرچے کے، منسلک ترسیل کنندہ برداشت کرے گا۔

(16) کم کردہ ریٹ کا اطلاق اس عمل کے ایک دن بعد ہو گا جب ہونے والا منسلک ترسیل کنندہ متعلقہ کمشنر کو اس بات کی تصدیق کرے کہ اس نے وہ تمام درکار ضروریات پوری کر لی ہیں جو اس باب میں صراحت کردہ ہیں اور کمشنر اس بارے میں کمپیوٹرائزڈ نظام میں ایک اندارج (entry) کرے۔

(17) منسلک ترسیل کنندہ واضح طور پر یہ ڈسپلے کرے گا کہ کہ مقامات فروخت یا دکان کم کردہ ریٹ کی رسیدیں جاری کرنے کے لیے ایف بی آر کی طرف سے منظور شدہ ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ہر مقام فروخت کا رجسٹریشن نمبر بھی ڈسپلے کرے گا جو کہ بورڈ کے تصدیقی عمل کے ذریعے قابل تصدیق ہو۔

**150ZEC مقامِ فروخت کی منظوری کا عمل:**-(1) اگر کوئی بائع ایک خاص برانڈ، ماڈل، اور تصریحات پر مبنی کوئی مقام فروخت، جو کہ منظور شدہ مقامِ فروخت نہیں، ایک منسلک ترسیل کنندہ کو فراہم کرنا چاہے تو اسے اس خاص برانڈ، ماڈل اور تصریحات پر مبنی اس مقامِ فروخت کے لیے بورڈ کی منظوری حاصل کرنے کے لیے بورڈ کو لازمی درخواست دینا ہوگی۔

(2) ذیلی رول نمبر (1) کے تحت، درخواست کی موصولی کے بعد بورڈ اس مقام فروخت کے خاص برانڈ، ماڈل اور تصریحات کی منظوری کا جائزہ لے گا۔ بائع منظوری کے عمل کے دوران بورڈ کو معلومات اور آلات کار تک رسائی دے گا اور اس عمل کے لیے جو بھی منطقی طور پر درکار مدد ہو، مہیا کرے گا۔

(3) منظوری کے عمل کی تکمیل پر بورڈ اس مقام فروخت کے برانڈ، ماڈل، اور تصریحات کی منظوری دے گا کہ جس کی درخواست کی گئی ہے اور یا پھر معلوم شدہ وجوہات کی بنیاد پر انکار کر دے گا۔

(4) بورڈ، اس ذیلی رول کے تحت، مقام فروخت کی منظوری کے بعد اس مقام فروخت کے برانڈ، ماڈل، اور تصریحات اپنی ویب سائٹ پر منظوری کی تاریخ کے ساتھ شائع کرے گا۔

(5) بورڈ کسی مقام فروخت کی منظوری منسوخ کر سکتا ہے، اگر وہ مقام فروخت مقرر کی گئی حدود پر عمل نہیں کرتا۔ اس ضمن میں بائع کو، اور منسلکہ ترسیل کنندہ کو جو کہ اس مقام فروخت کو چلا رہا ہے، منسوخی کا نوٹس بھیجا جائے گا جس میں منسوخی کی وجوہات بیان کی جائیں گی۔ بورڈ اپنی ویب سائٹ سے اس مقام فروخت کی تمام تر تفصیلات فوری طور پر ہٹا دے گا۔

**150ZED** ***ریکارڈز، رسائی، اور آڈٹ:-*** (1) منسلک ترسیل کنندہ اپنی کسی اطلاع شدہ دکان میں ہونے والی تمام فروخت اور لین دین کا ریکارڈ اپنی اسی دکان پر اور ایک اطلاع شدہ مرکزی مقام پر رکھے گا۔ منسلک ترسیل کنندہ متعلقہ کمشنر کی جانب سے مجاز شدہ اِن لینڈ ریونیو افسر کو اپنی اس متعلقہ حدود اور درکار تمام متعلقہ ریکارڈ تک رسائی دے گا۔

(2) ریکارڈ رکھنے اور اس تک رسائی کے ضمن میں ایکٹ کی دیگر شرائط کا بھی اطلاق ہو گا۔

(3) ایف بی آر معیادی آڈٹ کے لیے کارکردگی ماپنے کے بنیادی اعشاریے (KPI) بھی جاری کرے گا۔

(4) ایف بی آر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ منسلک ترسیل کنندہ قواعد کی پابندی کر رہا ہے، مختلف سطحوں پر آڈٹ اور تفتیش کا انعقاد بھی کرے گا، جن میں درج ذیل شامل ہیں۔

(a) اس بات کو چیک کرنا کہ ٹیکس دہندہ درست سیلز ٹیکس رسیدیں جاری کر رہا ہے؛

(b) یہ چیک کرنا کہ ٹیکس دہندہ کے کاروبار کے مقامات فروخت اور SDC منظور شدہ ہیں؛

(c) یہ دیکھنا کہ ای ایف ڈی ان رولز کے تحت دی گئی ہدایات کے مطابق ہے؛

(d) پروٹوکولز پر عمل درآمد چیک کرنا؛ اور

(e) ٹیکس دہندہ سے ضروری متعلقہ معلومات اور دستاویزات کی طلبی کرنا۔

**150ZEE** ***درمیانی مدت میں آن لائن ارتباط (Integration):-*** (1) اس وقفے کے دوران جب تک بورڈ رول 150ZEB کی تصریحات کے مطابق منظور شدہ محفوظ آلات اور فروخت اور دوسرے ڈیٹا کی رئیل ٹائم منتقلی کا نظام نافذ کر کے عمل میں لائے، شرط نمبر (xv) کے تحت یہ سمجھا جائے گا کہ آن لائن ارتباط ہو رہا ہے، بشرطیکہ اِس رول میں صراحت کردہ تمام شرائط پوری ہوں۔

(2) ہونے والے منسلک ترسیل کنندہ کمپیوٹرائزڈ نظام پر اپنا یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ استعمال کر کے تصدیق کرے گا کہ وہ اس باب کے تحت دی گئی تمام درکار ضروریات پوری کرے گا، کہ جن میں اس رول کے ذریعے سہولت دی گئی ہے، اور یہ کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ جب بورڈ ای میل یا کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے مذکورہ بالا کی تیار حالت کا اعلان کر دے گا تو وہ اس اعلان کی تاریخ کے ایک مہینے کے اندر رول نمبر 150ZEB میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق تمام اعلان شدہ دکانوں کا ارتباط کرے گا۔ مذکورہ ترسیل کنندہ رول نمبر 150ZEB کے ذیل رول نمبر (2) کے مطابق اپنی تمام دکانوں کی تفصیلات مہیا کرے گا۔ اس تمام عمل کے دوران مذکورہ ترسیل کنندہ وہ تمام اقراری بیان بھی دے گا جو بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں مذکور ہیں۔

(3) منسلک ترسیل کنندہ بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں تمام رسیدوں یا ڈیبٹ اور کریڈٹ نوٹس کا ڈیٹا اپ لوڈ یا منتقل کرے گا، لیکن منتقلی کے اس عمل میں کسی بھی صورت 7 مکمل دنوں سے زیادہ کا وقفہ نہیں ہو گا۔ اس ذمہ داری میں ناکامی کی صورت میں اسے منسلک ترسیل کنندہ کی حیثیت سے محروم کیا جائے گا کہ وہ مذکورہ شرط نمبر (xv) میں صراحت کردہ کم کردہ ریٹ پر اشیاء کی ترسیل کر سکے۔

(4) منسلکہ ترسیل کنندگان، جو اِس رول میں مذکور تمام درکار ضروریات پوری کریں گے، وہ مذکورہ شرط نمبر (xv) کے تحت یکم جولائی 2018 سے کم کردہ ریٹ کی سہولت حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ بشرطیکہ۔۔

(a) انہوں نے صراحت شدہ اشیاء پر 6٪ سے زیادہ ریٹ نہ لگایا ہو؛

(b) وہ اس رول کے تحت اس باب کے اجرا کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں رول نمبر (2) کے مطابق رجسٹر ہوئے ہوں؛ اور

(c) شق (b) کے تحت اس باب کے مطابق قابل اطلاق کم کردہ ریٹ کی سہولت کے ضمن میں انہوں نے رجسٹریشن کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں اپنی کی گئی فروخت کی تفصیلات اپ لوڈ کر دی ہوں۔

(5) بورڈ کی رول نمبر 150ZEB پر عمل درآمد کے لیے تیار حالت، جیسا کہ ذیلی رول نمبر (2) میں درج ہے، کے اعلان کی ترسیل کے ایک مہینے کی مدت کے خاتمے پر کم کردہ ریٹ کی سہولت میسر نہیں ہو گی۔

(6) اگر اس رول کے تحت کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ رجسٹر شدہ کسی منسلک ترسیل کنندہ کے بارے میں یہ پایا گیا کہ وہ یہاں بیان کردہ شرائط میں سے کوئی پوری نہیں کر پا رہا یا رول نمبر 150ZEB میں صراحت کردہ تفصیلات کے مطابق کمپیوٹرائزڈ نظام کے ساتھ ایک مہینے کی مدت کے اختتام تک ارتباط کرنے میں ناکام ہے، جیسا کہ ذیلی رول نمبر (2) میں بیان

ہے، تو اسے یکم جولائی 2018 سے رول نمبر 150ZEA کے ذیلی رول (1) میں صراحت کردہ اشیاء پر 9٪ کے قابل اطلاق ریٹ پر سیلز ٹیکس ادا کرنا ہو گا۔

**150ZEF عدم تعمیل یا خلاف ورزی کے نتائج:-** ایسا منسلک ترسیل کنندہ جو اس سسٹم کے ساتھ چھیڑ چھاڑ میں ملوث پایا گیا ہو، یا جس نے متعلقہ آلات سے بالا کوئی فروخت کی ہو یا جو اس باب کے کسی بھی حصے کی خلاف ورزی کرتا ہو، وہ کم کردہ ریٹ کی سہولت کا مزید حق دار نہیں ہو گا اور اسے شنوائی کا موقع دینے کے بعد یونٹ انچارج افسر مذکورہ حوالے سے ایک قابل اپیل حکم جاری کرے گا، اس کے علاوہ ایکٹ کے تحت اس کے خلاف جرمانے یا برآمدگی کا کوئی بھی ایکشن لیا جا سکتا ہے۔

**150ZEG بورڈ کو فروخت کے ڈیٹا کی منتقلی میں ناکامی کی اطلاع:-** بورڈ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ وہ منسلک ترسیل کنندگان کے گاہک کو اپنی ویب سائٹ پر یہ سہولت دے کہ وہ اس بات کی تصدیق کر سکے اور اور یقین کر سکے جو رسید اسے جاری ہوئی وہ بورڈ کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں باقاعدہ طور سے منتقل ہوئی ہے، اور عدم تصدیق کی صورت میں وہ رسید کی تصویر بورڈ کے پورٹیل پر اپ لوڈ کر سکے۔

---

**(ایف نمبر e.dox No.83810)**

**(محمد ظہیر قریشی)**

سیکریٹری (ایس ٹی اینڈ ایف ای - بجٹ)